




# ۱۳۔ سمت اور نقشہ

بتائیے تو بھلا




پہچان کر خانے میں لکھیے کہ کون سی تصویر کس سمت میں ہے۔

| تصویر | سمت | تصویر | سمت |
|---|---|---|---|
|  | |  | |
|  | |  | |
|  | |  | |
|  | |  | |

## اب نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

س۔۱ کون سی تصویر کی سمت آپ نے خود پہچان کر لکھی؟

س۔۲ کس تصویر کی سمت پہچاننے میں آپ کو دوسروں کی مدد لینا پڑی یا مشکل پیش آئی ؟

س۔۳ پچھلی جماعتوں میں آپ کی سیکھی ہوئی خاص سمتیں کون سی ہیں؟



## بتائیے تو بھلا

پہاڑ، کنواں، بجلی کا کھمبا اور قلعہ یہ تصویریں خاص سمت میں نہیں ہیں۔ کون سی دو خاص سمتوں کے درمیان یہ تصویریں ہیں۔ انھیں معلوم کرکے ذیل کے خانوں میں لکھیے۔


| تصویر | خاص سمتیں |
|---|---|
| پہاڑ | شمال اور مغرب |
| کنواں | |
| بجلی کا کھمبا | |
| قلعہ | |

دو خاص سمتوں کے درمیان کئی چیزیں ہوتی ہیں۔ ان چیزوں کی سمت درست ہو اس لیے ذیلی سمتوں کا استعمال کرتے ہیں۔



## بتائیے تو بھلا

نیچے دی ہوئی خاص سمتیں اور ذیلی سمتوں کے چکر کا اچھی طرح مطالعہ کیجیے۔




خاص سمتوں کے درمیان کون کون سی ذیلی سمتیں ہیں، انھیں اچھی طرح سے سمجھیے۔ اب سبق کے شروع میں دی ہوئی تصویروں کو دوبارہ دیکھ کر خاص سمتیں اور ذیلی سمتیں بیاض میں لکھیے۔

**خاص سمتوں اور ذیلی سمتوں کی شکل چھوٹے کاغذ پر بنائیے جو ہم آگے استعمال کریں گے۔**







## کیا آپ جانتے ہیں؟

سمتیں ہمیشہ زمین کے متوازی ہوتی ہیں۔ اس لیے نقشہ ہمیشہ مقام کی سمت کے لحاظ سے زمین پر رکھیں۔ اس کے بعد نقشہ خوانی کریں تو صحیح ہوتا ہے۔



## آیئے دماغ پر زور دیں




- آپ نے جو سمتوں کا چکّر تیار کیا ہے اس کا استعمال اوپر کے نقشے کے لیے کیجیے۔
  - ضلع بیڑ میں سمتوں کا چکر رکھ کر کون کون سے ضلعے خاص سمتوں اور ذیلی سمتوں میں ہیں، لکھیے۔
  - سمتوں کا چکّر دوسرے ضلعوں پر رکھ کر دیکھیے کہ کون کون سے ضلعے خاص اور ذیلی سمتوں میں ہیں۔ ان کا اندراج کیجیے۔
- سمتوں کا چکر ریاست کے بیچوں بیچ رکھیے اور ریاست میں ہمارے ضلع کا مقام سمجھیے۔

ماحول میں مقامات ایک دوسرے سے کچھ فاصلے پر ہوتے ہیں۔ان مقامات کی وسعت زیادہ ہوتی ہے۔نقشہ اس لحاظ سے چھوٹا ہوتا ہے۔اس لیے مقامات کے درمیان کا فاصلہ بتاتے ہوئے کم کرنا پڑتا ہے۔

تصویر بناتے وقت ہم مکان، پہاڑ، انسان وغیرہ کی تصویر کاغذ کی سائز کے لحاظ سے چھوٹی بناتے ہیں۔نقشہ تیار کرتے وقت بھی یہی کرنا ہوتا ہے،لیکن ایسا کرتے ہوئے زمین پر کے دو مقامات کے درمیان فاصلہ ذہن میں رکھا جاتا ہے۔وہ نقشے میں کس تناسب میں کم کرنا ہے یہ فیصلہ کیا جاتا ہے۔اسی لیے نقشے کے مقامات کا درمیانی فاصلہ صحیح ہوتا ہے۔نیچے دی ہوئی تصویر کی مدد سے یہ سمجھیے۔






## آیئے دماغ پر زور دیں

ریحانہ اور ریشماں کے مکانوں کے درمیان ۱۰ کلومیٹر (ک۔م) کا فاصلہ ہے۔نقشہ بنانے کے لیے پیمانہ ایک سینٹی میٹر (سم) = ایک کلومیٹر (ک۔م) ہے۔نقشہ میں ان کے مکانوں کے درمیان کتنا فاصلہ ہوگا؟

**کاپی کے کاغذ پر اسکیل (پٹّی) کی مدد سے فاصلہ معلوم کیجیے۔**



## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں


خاص سمتیں اور ذیلی سمتیں انسان نے بنائی ہیں۔اس کے لیے اس نے قدرت کی مدد لی ہے۔سورج کا طلوع اور غروب ہونا اس کی خاص بنیاد ہے۔

## کیا کریں گے بھلا

- شاہین اور انجم تفریح کے لیے دوسرے شہر گئے ہیں۔ ان کو اپنے رہائشی مقام سے باغ تک جانا ہے۔ ان کے پاس اس حصّے کا نقشہ موجود ہے۔

۱۔ ان کے رہنے کے مقام سے باغ تک کا فاصلہ معلوم کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔

۲۔ رہنے کے مقام سے باغ کون سی سمت میں ہے، یہ معلوم کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔




## ہم نے کیا سیکھا؟

⌘ ذیلی سمت پہچاننا۔
⌘ نقشہ کا پیمانے کے مطابق ہونا۔
⌘ سمتوں کا چکر۔
⌘ نقشہ میں فاصلہ اور زمین پر فاصلے میں تعلق۔

## مشق

(الف) مقام کی جگہ یا سمت بتاتے وقت ہم کس چیز کا استعمال کرتے ہیں؟

(ب) نقشہ میں پیمانہ کیوں دیتے ہیں؟

GZ1T5H

## سرگرمی

- مٹّی، کاغذ کی لگدی، مقوہ (پُٹّھا) استعمال کر کے اپنے اطراف کے ماحول کا اُبھرا ہوا نقشہ بنائیے۔ اس کے لیے استاد کی مدد لیجیے۔

***